13045-اگر صدقہ کرنے والا وقف کی تحدید نہ کرے تو کیا کرنا چاہیے؟

سوال

اگر وقف کرنے والا شخص کہے کہ اس وقف میں سے کچھ تحفہ اور کچھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے، اور اس غلہ کی کمیت کی تحدید کیے بغیر مر گیا تو نگران اس کی مقدار کا اندازہ کس طرح لگائے ؟

پسندیدہ جواب

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضیلۃ الشیخ عبدالرحمن بن جبرین حفظہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا :

عرف عام کو دیکھا جائے گا، اور اس دور میں کلمہ طعمۃ (کھانا) کا استعمال دیکھ کر اس کی طرح رجوع کرتے ہوئے اس پر عمل کرینگے، اور غالبا اس سے ان کی مراد رمضان المبارک میں روزہ داروں کا روزہ افطار کروانا اور انہیں رات کا کھانا کھلانا ہوتی ہے، اگرچہ وہ تین یا پانچ مسکین ہوں جو افطاری کے محتاج اور ضرورتمند ہوں.